## سوال

نماز باجماعت صف مکمل ہونے کی صورت میں کس طرح شامل ہو ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر نماز باجماعت ہورہی ہو صف مکمل ہونے کی صورت میں کس طرح صف میں شامل ہوا جائے گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں اکیلا صف کے پیچھے کھڑا ہوجائے اور اگر کوئی آدمی ساتھ مل جائے تو فَبِہا ورنہ جتنی رکعات اکیلا پڑھے اتنی امام کے سلام کے بعد اٹھ کر پڑھ لے صف سے آدمی کھینچنے والی روایت کی سند کمزور ہے اور «مَنْ صَلَّى خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ فَلْيُعِدْ صَلَاتَهُ» (ابوداود۔ ابواب الصفوف۔ باب الرجل یصلی خلف الصف وحدہ)

''جو صف کے پیچھے اکیلا نماز پڑھے تو وہ دوبارہ نماز لوٹائے'' صحیح حدیث ہے۔

بعض علماء کا خیال ہے ''اگر صف میں جگہ ہے تو پیچھے اکیلے آدمی کی نماز نہیں ہوتی اور اگر صف میں جگہ نہیں ہے تو یہ اضطراری کیفیت ہوگی ایسی صورت میں اکیلے ہی کھڑے ہوجانا چاہیے نماز ہوجائے گی کیونکہ اگلی صف میں کسی مقتدی کو پیچھے کھینچنا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔ (ارواء الغلیل ص ۳۲۹ ج ۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص137